سیر الاولیاء

تصنیف
امیر خورد

ترجمہ
اعجاز الحق قدوسی

اردو سائنس بورڈ

سیر الاولیاء

تصنیف

سید محمد مبارک علوی کرمانی

المعروف بہ

امیر خورد

ترجمہ

اعجاز الحق قدوسی

اردو سائنس بورڈ

299 - اپر مال، لاہور

marfat.com

Marfat.com

سلسلہ مطبوعات نمبر 166
جملہ حقوق بحق اردو سائنس بورڈ لاہور

طبع چہارم : 1996ء
قیمت : -/130 روپے

ناشر : ظفر اقبال
ڈائریکٹر جنرل' اردو سائنس بورڈ
299- اپر مال' لاہور

مطبع : شیخ غلام علی اینڈ سنز پرنٹرز' فیروز پور روڈ' لاہور

marfat.com
Marfat.com

کے بادشاہ اور دارالسلطنت مشاہدہ کے سلطان تھے ۔ دوست کے اسرار میں سے کوئی راز آپ سے پوشیدہ نہ تھا اور عالمِ ذوق درونی میں بادشاہی کو ٹھکرا دیتے تھے ۔ اللہ کی اُن پر رحمتیں ہوں ۔

منہم

متعلق حضرت خواجہ ابو محمد چشتیؒ

قطب المشائخ والفقرا ، ملک الائمہ والعلما ، ملجائے اوتاد ، مفخر العباد خواجہ محمد چشتی[1] طیب اللہ مرقدہ و نوراللہ مشہدہ ۔ انواع کرامات اور قسم قسم مشاہدوں کے درجوں سے آراستہ تھے ۔ آپ نے خرقۂ ارادت حضرت ابو احمد چشتی سے حاصل کیا تھا ۔

منقول ہے کہ خواجہ ابو محمد چشتی اکثر عالم تحیر میں رہتے ، ان کا پہلوئے مبارک سالہا سال زمین سے نہیں لگا اور شوق کے غلبوں اور انتہائے مجاہدات میں ''نماز معکوس'' پڑھتے ۔ آپ کے گھر میں ایک کنواں تھا اس کنویں میں آپ اُلٹے لٹک کر خدائے تعالیٰ کی عبادت کرتے تھے ۔

منقول ہے کہ ایک روز آپ دریا کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے اور اپنی گدڑی کو ٹانک رہے تھے ۔ اسی عالم میں خلیفہ کا بیٹا آپ کے پاس پہنچا ۔ خلافت کے شان و شکوہ کے ساتھ گھوڑے سے اُترا اور زمیں بوسی کر کے بیٹھ گیا ۔ آپ نے فرمایا کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی بُڑھیا مملکت کے کسی شہر میں فاقے سے سو جائے گی تو قیامت کے دن جواب دہی کے لیے اپنے والیِ ملک کا دامن پکڑے گی ۔

اس کے بعد خلیفہ کے بیٹے نے مختلف قسم کی بیش بہا چیزیں [۳۱] تحفتاً پیش کیں ۔ خواجہ ابو محمد چشتی نے تبسم فرمایا اور کہا ، ہمارے خواجگان میں سے کسی نے اس قسم کی چیزوں کو قبول نہیں کیا ہے اور مجھے بھی ان کی حاجت نہیں ۔ پھر آپ نے آسمان کی طرف منہ اُٹھایا اور

۱- خواجہ ابو محمد : لقب ناصح الدین ، ولادت شب عاشورہ ۳۳۱ھ (۹۴۲ء) ، وفات یکم رجب ۴۱۱ھ (۱۰۲۰ء) بقول صاحبِ ''سفینۃ الاولیاء''، بقول صاحبِ ''سیرالاقطاب'' ۱۴ ربیع الاول ۴۱۱ھ ۔ (''خزینۃ الاصفیا'' ، جلد اول ، ص ۲۴۴ تا ۲۶۴)

marfat.com

Marfat.com